# ڈائریکٹرز رپورٹ

کمپنی کے ڈائریکٹران کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے برائے مختتمہ مدت 30 جون 2022 بمع آڈٹ رپورٹ پیش کرتے ہوئے اظہارمسرت کرتے ہیں۔

**جائزہ**

سال 2022 میں گزشتہ سال کا رجحان جاری رہا یعنی کوئی کاروباری سرگرمی نہیں ہوئی۔ایک مرتبہ پھر پلانٹ میں خرابی کی وجہ سے کوئی پیداوار نہیں ہوئی اور کاروباری حالت اور معاشی ماحول پر غیر یقینی کیفیت چھائی رہی۔ رواں سال انتظامی اخراجات اور دیگر کاروباری اخراجات کو ممکنہ حد تک کم رکھا گیا۔ سال 2022 کا خسارہ 9.05 ملین روپے رہا جو کہ گزشتہ سال کے خسارے 18 ملین روپے سے قابل ذکر کم ہے۔کمپنی کو چلتا ہوا ادارہ برقرار رکھنے کے لئے انتظامیہ اخراجات میں کمی کرنے میں کامیاب رہی۔

کمپنی کی مالیاتی جھلکیوں کا گزشتہ سال کے ساتھ موازنہ درج ذیل ہے:

| تفصیل | 2022 | 2021 |
|---|---|---|
| | | روپے |
| رواں اثاثے | 8,803,014 | 9,020,754 |
| رواں واجبات | 101,909,169 | 93,247,215 |
| مجموعی خسارہ | 86,995,393 | 77,940,920 |
| سال کا خسارہ بعد از ٹیکس | 9,054,473 | 18,138,172 |
| نقد اور مساوی نقد میں خالص اضافہ | 166,932 | 12,035,435 |

مندرجہ بالا ٹیبل سے ہم کارکردگی کا درج ذیل موازنہ کر سکتے ہیں:

☆ رواں اثاثے تقریباً اسی سطح پر رہے یعنی تقریباً 9 ملین روپے رہے۔جس میں 6.8 ملین روپے کے قابل وصولی ٹیکسز (یعنی سیلز ٹیکس 0.8 ملین اور انکم ٹیکس/ ایڈوانس انکم 6 ملین روپے) جو کہ کمپنی کو ٹیکس کے اداروں سے موصول کرنے ہیں۔ یہ سرمائے میں قلت کی بڑی وجہ ہے جس سے روانیت متاثر ہوتی ہے اور کمپنی کے رواں سرمایہ میں خرابی نظر آتی ہے۔

☆ رواں واجبات 98 ملین روپے ہیں جن میں 40 ملین ایڈوانس کی رقم ہے جو کہ اثاثوں کی فروخت کے عوض موصول ہوئی ہے۔سال کے اختتام کے بعد مخالف فریق (اثاثوں کے خریدار) نے غیر مشروط طور پر سودے کو قبول کرلیا ہے جس کے تحت وہ معاہدہ فروخت کی شرائط وضوابط کی پاسداری کرنے پر رضامند ہے۔ رواں واجبات میں بڑی شے ملحقہ فریقین کو واجب الادا رقم 30 ملین روپے ہے جو کہ ڈائریکٹران اور کمپنی کے متعلقین کی طرف کمپنی کے رواں کھاتے کے سرمائے میں سے مالیاتی مدد کی شکل میں ہے۔مزید برآں رواں واجبات میں 17 ملین روپے کی واجب الادا رقم ڈائریکٹران کے ماہانہ مشاہرہ کی مد میں ہے جو کہ ڈائریکٹران نے کمپنی کی مالیاتی پوزیشن اور روانیت کو سہارا دینے کے لئے نہیں لیا ہے۔

☆ کوئی محصولات اور نتیجے میں کوئی کاروباری آمدنی نہ ہونے کی وجہ خسارہ جمع ہوکر 86.9 ملین روپے پہنچ گیا ہے۔

☆ نقد اور مساوی نقد میں معمولی سے بہتری آئی ہے جس کی وجہ اسکریپ کے سامان کی فروخت سے حاصل ہونے والی نقد رقم ہے۔

**اہم معلومات**

**اثاثے برائے فروخت کی نوعیت**

موجودہ سال انتظامیہ نے کامیابی سے پراپرٹی اور پلانٹ و مشینری کی کچھ مخصوص اشیاء کے خریدار سے کامیابی کے ساتھ گفت وشنید کی۔ عدالتی کیس کو مخالف فریق نے دائر کیا تھا جس میں کمپنی نے اپنا جواب/تحریری دلائل دیئے تھے جس پر فریق مخالف نے کیس واپس لے لیا اور غیر مشروط طور پر معاہدہ فروخت کی شرائط وضوابط کی پاسداری کرنے پر رضامند ہوگیا۔ بعد ازاں 26 ستمبر 2022 کو سودا کامیابی سے طے پا گیا اور تمام اثاثے منتقل کر دیئے گئے اور قیمت

فروخت کی بقایا رقم 150 ملین روپے کمپنی کو موصول ہوگئی۔

**پروویڈنٹ فنڈ کی باقاعدگی سے ادائیگی**

انتظامیہ باقاعدگی کے ساتھ پروویڈنٹ فنڈ کی ادائیگیاں کررہی ہے۔ سال کے اختتام پر کوئی بقایاجات واجب الادا نہیں تھے اور SECP کے تقاضوں کے تحت دی گئی ہدایات کے مطابق انتظامیہ ان ادائیگیوں کو انتہائی ترجیح دیتی ہے تاکہ انہیں کسی تاخیر کے بغیر پروسیس کیا جاسکے۔

**کے الیکٹرک کو ادائیگی**

جیسا کہ پہلے بھی بتایا گیا کہ کے الیکٹرک کا معاملہ حل ہوگیا ہے، کمپنی نے طے شدہ رقم ادا کردی ہے اور لہذا سال کے اختتام پر اس سلسلے میں کوئی بقایاجات واجب الادا نہیں تھے۔

**ممکنہ سرمایہ کار**

فروخت کے سودے کی کامیاب تکمیل اور واجبات کی ادائیگی پر بورڈ قریبی رشتہ داروں یا بیرونی سرمایہ کاروں کی سرمایہ کاری پر غور کرے گا۔

**آڈٹ رپورٹ اور اس پر انتظامیہ کی آراء**

ہم آپ کی توجہ آڈٹ رپورٹ کے اعتراضی مشاہدات کی جانب دلانا چاہتے ہیں جو کہ درج ذیل ہیں:

سال کے اختتام پر معاہدہ فروخت کی کامیاب تکمیل کی وجہ سے کمپنی کی مالی حالت میں بہتری کی وجہ سے آڈیٹرز نے صرف 2 معاملات پر اعتراضی مشاہدات دیئے ہیں:

1- گیس سلینڈروں اور ٹینکوں کے گاہکوں سے لئے گئے 45 روپے ملین کے زربیعانہ کی رقم کو کمپنی نے استعمال کرلیا تھا اور انہیں علیحدہ بینک اکاؤنٹ میں جمع نہیں کرایا گیا تھا۔ کاروبار کے عمومی طور طریقے کے مطابق اور ان گاہکوں سے باضابطہ اجازت لے کر انتظامیہ نے ان رقومات کو استعمال کیا لیکن دفتر کی منتقلی کی وجہ سے ان فریقین کے متعلقہ دستاویزی ثبوت اور مکمل ریکارڈ آسانی سے ناقابل شناخت ہے کیونکہ ان کا تعلق 1980 کے عشرے سے ہے۔ سال کے اختتام پر انتظامیہ نے ریکارڈ کو مرتب کرنے کے عمل کا آغاز کیا اور ان تمام فریقین کی تفصیلات دستیاب ہیں۔ چونکہ اب ان واجبات کی ادائیگی کے لئے رقم دستیاب ہوگئی ہے لہذا انتظامیہ مستقبل قریب میں ان واجبات کی ادائیگی کردے گی۔

2- SESSI، EOBI اور وِدھ ہولڈنگ ٹیکس کے واجبات کی ادائیگی میں تاخیر۔ انتظامیہ تمام دستوری واجبات کی ادائیگی میں ہمیشہ بہت محتاط رہی ہے۔ رقم کی عدم دستیابی کی وجہ سے تاخیر ہے اور اب چونکہ رقم دستیاب ہوگئی ہے لہذا انتظامیہ مستقبل قریب میں ان واجبات کی ادائیگی کردے گی۔

اس کے علاوہ آڈیٹرز نے مندرجہ ذیل معاملات پر زور دیا ہے:

1- جیسا کہ اوپر ''اہم معلومات'' میں بیان کیا گیا ہے کہ اثاثوں کے فروخت کا سودا کامیابی سے تکمیل پاچکا ہے اور سال کے اختتام کے بعد کمپنی کے پاس رقم دستیاب ہوگئی۔ اس سے کمپنی کی مالی حالت میں بہتری آئے گی اور اس سے نئے کاروباری مواقعوں کے دروازے کھلیں گے۔

2- کمپنی کے ''چلتے ہوئے'' ادارے کے مفروضہ کو فروخت کے سودے سے تقویت ملی ہے جس سے کمپنی کی مالی حالت میں بہتری کے ساتھ ساتھ جمع شدہ خساروں میں بھی کمی ہوئی ہے۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز حصص یافتگان کے انتظامیہ کے ساتھ تعاون اور اعتماد پر ان کے مشکور ہیں جس کے نتیجے میں معاہدہ فروخت کی کامیاب تکمیل ہوئی اور ہم امید کرتے ہیں کہ کمپنی کی روانیت کے مسائل میں بہتری آئے گی اور نئے کاروبار کو شروع کرنے کے لئے نقدی کے ذخائر حاصل ہونگے، جن میں دیگر سرمایہ کار شامل ہوسکتے ہیں اور ڈائریکٹران نے کمپنی کی مالیاتی مدد کے ساتھ ساتھ کمپنی کے معاملات کو پیشہ ورانہ انداز سے چلانے میں تعاون فراہم کیا۔

ہم اللہ رب العزت کے شکر گزار ہیں کہ اثاثوں کی فروخت کی کامیاب تکمیل کی وجہ سے اکاؤنٹنگ اور مالیاتی معاملات میں قابل ذکر پیشرفت ہوئی ہے اور ناموافق مشاہدات 3 سے کم ہوکر اعتراضی مشاہدات 2 رہ گئے ہیں۔ انضباطی اداروں، آڈیٹرز اور حصص یافتگان کا کے اعتماد بڑھے گا اور انتظامیہ انتہائی حوصلہ

افزاء اور پر امید ہے کہ اس سے کمپنی کی کارکردگی میں بحالی آئے گی- انتظامیہ کا ارادہ ہے کہ PSX کو خط لکھ کر کمپنی کو "نادہندہ" کی فہرست سے نکلوایا جائے اور اسے عمومی تجارتی فہرست میں ڈالا جائے کیونکہ مالی حالت میں قابل ذکر بہتری آئی ہے- اس سے حصص یافتگان کو فائدہ ہوگا اور ان کے حصص کی قدر میں اضافہ ہوگا-

**گزشتہ 10 سالوں کے اہم کاروباری اور مالیاتی اعداد و شمار**

| سال | فروخت-خالص | خام منافع /(خسارہ) | منافع/خسارہ قبل از ٹیکس | حصص یافتگان کی ایکویٹی | کل رواں اثاثے | کل رواں واجبات | آمدن فی حصص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | --------- روپے ملین میں --------- | | | | | | روپے |
| 2013 | 238.60 | 57.68 | 21.95 | 111.06 | 25.24 | 38.06 | 1.73 |
| 2014 | 123.79 | (1.90) | (28.63) | 90.16 | 20.99 | 62.49 | (2.83) |
| 2015 | 99.63 | 4.72 | (18.30) | 71.15 | 17.35 | 59.78 | (2.57) |
| 2016 | 94.43 | 5.12 | (17.66) | 58.00 | 17.82 | 63.43 | (2.35) |
| 2017 | 82.70 | 2.24 | (19.14) | 42.35 | 15.43 | 71.26 | (2.14) |
| 2018 | 89.08 | 4.39 | 15.35 | 62.58 | 16.22 | 79.66 | (2.19) |
| 2019 | 51.91 | 0.38 | (19.82) | 37.90 | 10.53 | 85.14 | (1.93) |
| 2020 | 12.80 | (3.35) | (85.23) | 15.22 | 8.93 | 94.14 | (11.62) |
| 2021 | - | - | (18.14) | (2.92) | 9.02 | 93.25 | (2.42) |
| 2022 | - | - | (9.05) | (11.97) | 8.80 | 101.90 | (1.21) |

**آگے کی جانب**

کمپنی کے کاروبار کی بحالی کے لئے بورڈ کے پاس کئی قابل ذکر آپشنز ہیں، لیکن حتمی فیصلہ کا انحصار فروخت کے سودے کے نتیجے پر ہوگا- کچھ مخصوص سرمایہ کاروں کے ساتھ کچھ غیر رسمی گفت و شنید ہو رہی ہے جو کہ کمپنی میں سرمایہ کاری کے خواہشمند ہیں اور اسی طرح بورڈ دیگر آپشنز پر بھی غور کر رہا ہے جن میں ڈائریکٹران اور قریبی رشتہ داروں سے تعاون/ مالی مدد پر غور شامل ہے-

ہم آپ کو یقین دہانی کرتے ہیں فروخت کے سودے کی تکمیل کے ساتھ جیسے ہی بورڈ فیصلہ کرے گا ہم SECP اور PSX کو بھی مطلع کر دیں گے-

**بورڈ آف ڈائریکٹرز**

ختم شدہ سال 30 جون 2022 میں بورڈ کی تشکیل بندی میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی-

**آڈیٹرز**

موجودہ آڈیٹرز میسرز ایس ایم سہیل اینڈ کو، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس سبکدوش ہو چکے ہیں اور اہلیت کے باعث انہوں نے آنے والے سال کے لئے اپنی دوبارہ تقرری کی پیشکش کی ہے-

**ادارتی اور مالیاتی رپورٹنگ فریم ورک پر بیان**

a کمپنی کی انتظامیہ کے تحت تیار کردہ مالیاتی گوشوارے کمپنی کے معاملات، اس کے کاروباری نتائج، نقدی کے بہاؤ اور ایکویٹی میں تبدیلیوں کو شفافیت کے ساتھ پیش کرتے ہیں-

b کمپنی میں حسابات کی کتابیں مناسب انداز میں تیار کی گئی ہیں-

c درست حساباتی پالیسیوں کو تسلسل کے ساتھ مالیاتی گوشواروں کی تیاری کے دوران ملحوظ خاطر رکھا گیا ہے اور حساباتی تخمینوں کی بنیاد معقول اور مضبوط فیصلوں پر ہے-

d مالیاتی گوشواروں کی تیاری کے دوران عالمی مالیاتی رپورٹنگ معیارات، جو پاکستان میں لاگو ہیں کوملحوظ خاطر رکھا گیا ہے۔

e اندرونی گرفت کے نظام کی شکل مضبوط ہےاور موثر انداز میں نافذالعمل ہےاوراس کی نگرانی کی جاتی ہے۔

f آڈیٹرز نے چلتے ہوئے ادارے کے تسلسل پر کمپنی کی صلاحیت پر شبہات کا اظہار کیا ہے جبکہ انتظامیہ محسوس کرتی ہے کہ انتظامیہ کے پاس کافی صلاحیت ہے جس سے مستقبل میں کاروبار جاری رکھا جاسکتا ہے۔

g لسٹنگ ریگولیشنز میں دیئے گئے ادارتی نظم وضبط کے بہترین طور طریقوں سے کوئی قابل ذکر انحراف نہیں کیا گیا، سوائے جنہیں ادارتی نظم وضبط کی پاسداری کے بیان میں مطلع کیا گیا ہے۔

h گزشتہ دس سالوں کے اہم کاروباری اور مالیاتی اعدادوشمار آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں میں مختصراً شامل کئے گئے ہیں۔

سال کے دوران کمپنی نے بلاواسطہ ٹیکسوں کی مدت میں قومی خزانے میں 57,450 روپے کی معاونت کی۔

سال کے دوران بورڈ آف ڈائریکٹرز کے چار اجلاس ہوئے۔ ہر ڈائریکٹر کی حاضری درج ذیل رہی:

| ڈائریکٹر کا نام | حاضر اجلاسوں کی تعداد |
|---|---|
| جناب ایم حنیف وائی باوانی | 4 |
| مسز مومیزا حنیف باوانی | 4 |
| جناب ولی محمد ایم یحیی | 4 |
| جناب میخائل باوانی | 4 |
| جناب وزیر احمد جوگیزئی | 1 |
| جناب زکریا اے غفار | 4 |
| جناب محمد دانش | 4 |

جوڈائریکٹران حاضر نہ ہوسکے ان کی رخصت منظور کر لی گئی۔

i- حصص داری کی ساخت منسلک ہے، اور

j- نہ تو چیف ایگزیکٹو آفیسر نہ ہی کسی ڈائریکٹر نے کمپنی کے حصص میں کوئی خرید وفروخت کی ہے۔

## اعتراف

بورڈ ریاستی اداروں، مختلف سرکاری اداروں/شعبوں، مالیاتی اداروں، بینکوں، گاہکوں، سپلائرز اور کمپنی کے سرمایہ کاروں کے تعاون اور اس پر اعتماد کے لئے اپنی ستائش ریکارڈ پر لانا چاہتے ہیں۔ آپ کے ڈائریکٹران کمپنی کے ملازمین کی مخلصانہ اور سرگرم خدمات پر ان کے معترف ہیں۔

ہم اپنے قابل قدر حصص یافتگان کے انتظامیہ کے ساتھ تعاون پر ان کے مشکور ہیں۔

منجانب

| | |
|---|---|
| **ایم حنیف وائی باوانی** | **مومیزا حنیف باوانی** |
| چیف ایگزیکٹو آفیسر | ڈائریکٹر |

کراچی

مورخہ: 24 اکتوبر 2022